# 01-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ایس آئی ٹی نے فون ٹیپنگ کیس کے تحت سابق وزیراعلیٰ کے سی آر سے پوچھ تاچھ کی جبکہ بی آر ایس بھون، ایم ایل اے کوارٹرس پر کشید گی دیکھی گئی۔

۲۔قانون کے سامنے سب برابر ہیں، ویملواڑہ کے ایم ایل اے آدی سرینواس نے یہ بات کہی۔

۳۔سیاحت کے وزیر جوپلی نے مہلوک کانسٹبل سومیا کی فیملی کو ایک کروڑ روپے ایکس گریشیاء دینے اور کسی فرد کو سرکاری ملازمت فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

اور

۴۔وزیراعظم نریندر مودی نے مرکزی بجٹ کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ میک اِن انڈیا کو یقینی بنانے کیلئے یہ ایک اہم روڈ میاپ ہے۔

SIT

خصوصی تحقیقاتی ٹیم (ایس آئی ٹی) نے فون ٹیپنگ کیس کے سلسلہ میں بی آر ایس کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ سے سرکاری طور پر پوچھ تاچھ کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ایس آئی ٹی کی جانب سے جاری کردہ نوٹسوں کے بعد کے سی آر نے آج صبح اپنے ایراویلی فام ہاؤس سے نندی نگر میں واقع اپنی رہائش گاہ کا سفر کیا۔جہاں پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے ان کا استقبال کیا۔اِس اعلیٰ سطحی پوچھ تاچھ کا سلسلہ تین بجے سہ پہر سے شروع ہوا۔ سینئر عہدیداروں پر مشتمل ایک ٹیم نے جس میں مادھاپور کے ڈی سی پی رِیت راج، آئی پی ایس آفیسرس وجئے کمار، نارائنا ریڈی، اڈیشنل ایس پیز اروند کمار اور کے ایس راہول شامل ہیں، پوچھ تاچھ کا مرحلہ پورا کر رہے ہیں۔

BRS

حیدرآباد میں واقع منسٹرس کوارٹرس پر آج اس وقت کشیدگی پھیل گئی جب بی آر ایس کے کیڈرس نے احتجاج منظّم کیا۔ پارٹی کی طلبہ تنظیم بی آر ایس ایس وی کے ارکان، احاطہ میں بیٹھ جانے کی کوشش کی جبکہ وہ سیاہ پٹیاں تھامے ہوئے تھے۔ صورتحال کو بے قابو ہوتا دیکھ کر علاقہ میں پولیس کی بھاری فورس مقرر کی گئی۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بی ایس وی کے کارکنوں کو گرفتار کرلیا جو سیکورٹی کی خلاف ورزی کی کوشش کررہے تھے۔

Jupally:

وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کانسٹبل سومیا کے افرادِ خاندان کو ایک کروڑ روپے ایکس گریشیا اور سرکاری ملازمت دینے کا وعدہ کیا ہے۔ ایکسائز کے وزیر نے مہلوک ایکسائز کانسٹبل سومیا کی فیملی کو یقین دلایا کہ ریاستی حکومت ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ وزیر نے آج سکندرآباد میں واقع گاندھی ہاسپٹل پہنچ کر سومیا کو خراج پیش کیا جو ڈیوٹی کے دوران فوت ہوگئی تھیں۔ وزیر نے افرادِ خاندان کے ساتھ اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ کانسٹبل کی موت ایک بڑا نقصان ہے۔ بعدازاں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جوپلی نے مہلوک کی فیملی کیلئے راحتی پیکیج کا اعلان کیا۔ انہوں نے ایک کروڑ روپے ایکس گریشیا دینے کا اعلان کرنے کے علاوہ سومیا کے بھائی کو سرکاری ملازمت دینے کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کی جانب سے سومیا کو اس وقت تک مکمل تنخواہ دی جائے گی جب تک کہ ان کی ریٹائرمنٹ کی تاریخ نہ آجاتی ہے۔

TTD

آندھراپردیش کی حکومت نے ٹی ٹی ڈی کے ایگزیکیٹو آفیسر انیل کمار سنگھل کے تبادلہ کے احکام جاری کئے ہیں۔ عبوری طور پر ایم روی چندر کو اِس عہدہ کیلئے ذمہ داری دی گئی ہے۔ روی چندر اِس وقت وزیراعلیٰ

کے دفتر کیلئے پرنسپال سکریٹری کے طور پر برس خدمت ہے۔ٹرانسفر کے آرڈر کے بعد انیل کمار کو ہدایت دی گئی ہے کہ جنرل اڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کو رپورٹ کریں۔

Rajanna Sircilla

ویملواڑہ کے ایم ایل اے آدی سرینواس نے کہا ہے کہ قانون کے سامنے سب برابر ہیں۔ویملواڑہ میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے سوال اٹھایا کہ فون ٹیپنگ کیس میں ایس آئی ٹی کی جانب سے پوچھ تاچھ کیلئے کے سی آر کو نوٹس جاری کرنے پر بی آر ایس کے لیڈرس اِس قدر شدید ردِعمل ظاہر کیوں کررہے ہیں۔انہوں نے ریمارک کیا کہ کے سی آر نہ ہی بھگوان ہیں اور نہ ہی سوپر مین لہٰذا جو بھی غلطی کرے گا اسے بہرصورت قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔انہوں نے کے سی آر پر مزید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کئی غیر قانونی سرگرمیاں انجام دیں۔انہوں نے مزید کہا کہ چونکہ قانون سب کیلئے برابر ہے لہٰذا اس کیس کے تعلق سے حقائق کو سامنے لانے کے لئے تحقیقاتی کارروائی کی جائے گی۔

Tiger

ضلع یادادری بھونگیر کے منڈل ترکاپلی کے علاقہ گنڈ امالا کے چیکالاگوڑم جنگلاتی علاقہ کے قریب شیر کی موجودگی سے مقامی افراد میں خوف پایا جاتا ہے۔مقامی افراد اس وقت خوف زدہ ہوگئے جب ایک شیر نے ایک کسان کے مویشی پر حملہ کرتے ہوئے ہلاک کردیا۔اس واقعہ کی اطلاع ملنے پر محکمہ جنگلات کے عہدیدار مقام واقعہ پر پہنچ گئے اور صورتحال کا جائزہ لیا۔تحقیقات کے دوران عہدیداروں نے اہم شواہد جمع کئے اور حملہ کے مقام پر شیر کے پنجوں کے نشان بھی دیکھے۔عہدیداروں نے بتایا کہ بچھڑے کو ہلاک کرنے کے بعد شیر پڑوسی ضلع کے جنگلاتی علاقہ کی طرف چلا گیا۔ عہدیداروں نے دیہی افراد کو مشورہ دیا کہ چوکس رہیں اور جنگل میں تنہاء جانے سے گریز کریں۔

Budget - Defence:

مرکزی بجٹ برائے سال 2026-27ء میں دفاعی خدمات کو تمام وزارتوں کے مقابلہ سب سے زیادہ فنڈ ملا ہے جو 7.85 لاکھ کروڑ روپے ہے۔ وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ اگلے مالی سال کیلئے تخمینی جی ڈی پی کا دو فیصد حصہ مختص کیا گیا ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بجٹ تخمینہ 2025-26ء میں اِس رقم میں 15.19 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ بجٹ کے مطابق مرکزی حکومت کے اخراجات کے تحت جملہ دفاعی بجٹ 14.67 فیصد ہے۔ وزارت کیلئے مختص کردہ جملہ فنڈ کے منجملہ 27.95 فیصد حصہ مرکزی اخراجات کیلئے، ریونیو اخراجات کیلئے 20.17 فیصد اور آپریشنوں کی تیاری کیلئے 26.40 فیصد مختص کیا گیا ہے۔ ڈیفنس پنشن کیلئے 21.84 فیصد جبکہ شہری اداروں کیلئے 3.64 فیصد حصہ رکھا گیا ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے دفاعی شعبہ کیلئے 7.85 لاکھ کروڑ روپے مختص کرنے پر وزیر اعظم مودی کا شکریہ ادا کیا۔

Mandaviya - Budget:

نوجوانوں کے اموراور اسپورٹس کے مرکزی وزیر منکش مانڈویا نے آج مرکزی بجٹ 2026-27ء کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ اِس بجٹ سے نوجوان بااختیار ہوں گے۔ نئی دہلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے مانڈویا نے کہا کہ بجٹ کے ذریعہ نوجوانوں کی ملازمت، اسپورٹس کی سہولتوں میں بہتری اور کھیلوں انڈیا اقدامات کے تحت اسپورٹس ایکوسسٹم کو بہتر بنانے کو یقینی بنایا گیا ہے۔

Stocks Close:

مرکزی بجٹ کے موقع پر خصوصی کاروباری سیشن میں شیئر بازار میں زبردست گراوٹ دیکھی گئی۔ سنسکس اور نفٹی میں تقریباً دو فیصد کمی درج کی گئی۔ آئی ٹی سیکٹر کے علاوہ تمام شعبوں کے شیئر بھی نیچے رہے اگرچہ بجٹ پیش ہونے سے پہلے بازار میں کچھ بہتری آئی تاہم وزیر فینانس نرملا سیتارامن کی بجٹ تقریب کے بعد سرمایہ کاروں کا رجحان محتاط ہوگیا۔ زیادہ قرض لینے کے تخمینہ اور فیوچرس و آپشنس پر سیکورٹی

ٹرانسزیکشن ٹیکس میں اضافہ کے باعث بازار دباؤ میں رہا۔ سنسکس 1,547 پوائنٹس گر کر 80 ہزار 723 پر بند ہوا جبکہ نفٹی 495 پوائنٹس کمی کے ساتھ 24 ہزار 825 پر بند ہوا۔

FICCI REAX:

ایف آئی سی سی آئی کے صدر اننت جیونکا نے مرکزی بجٹ کی ستائش کی ہے۔ نئی دہلی میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِس بجٹ میں ترقی، رفتار اور یوواشکتی پر توجہ دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ، تسلسل اور استحکام کو ظاہر کرتا ہے۔

MODI BUDGET:

وزیراعظم نریندر مودی نے مرکزی بجٹ 27-2026ء کی ستائش کرتے ہوئے اسے ایک پرعزم روڈ میاپ قرار دیا جس کے ذریعہ میک اِن انڈیا اور آتمانربھر بھارت میں تیزی آئے گی۔ ایک ویڈیو پیام میں مودی نے کہا کہ بجٹ مالی ڈسپلن اور افراط زر پر قابو پانے والا ہے جس کے ذریعہ ملک سال 2047ء تک ترقی یافتہ بننے کا نشانہ پورا کرے گا۔ وزیراعظم نے سن رائز کے شعبوں بشمول سیمی کنڈکٹرس، بائیو فارما اور معدنیات کے علاوہ خواتین کو بااختیار بنانے کے تاریخی اقدامات اور نوجوانوں کے مواقع کیلئے بجٹ کو بے نظیر قرار دیا۔ مودی نے کہا کہ بجٹ میں طالبات پر بھی خصوصی توجہ دی گئی جبکہ زراعت، ڈیری اور ماہی گیری کے شعبوں کا بھی احاطہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ ایم ایس ایم ایز کی حمایت کرتے ہوئے بجٹ میں فوری ضروریات اور مستقبل کی صورتحال پر نظر رکھی ہے۔ مودی نے مزید کہا کہ اِن اہم اصلاحات کے ذریعہ ملک کے باصلاحیت نوجوان اور اختراعیت والے افراد کو مستقبل میں فائدہ پہنچے گا۔

ETALA RAJENDER

بی جے پی لیڈر اور ملکا جگری کے ایم پی ایٹلا راجندر نے مرکزی بجٹ پر آج پارلیمنٹ کے احاطہ میں میڈیا کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک اِس وقت

وزیراعظم نریندر مودی کی زیر قیادت مستحکم حکمرانی کے دور سے گزر رہا ہے۔انھوں نے ملک کی جی ڈی پی میں 7 فیصد شرح ترقی کا حوالہ دیا اور کہا کہ طویل مدتی فیصلہ کئے جا رہے ہیں۔ راجندر نے اس بات کو اجاگر کیا کہ گزشتہ سال کے 50 لاکھ کروڑ روپے کے مقابلہ اِس سال 53 لاکھ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ بجٹ میں مختلف عوامی دوست فیصلے کئے گئے اور بے روزگاری سے نمٹنے کیلئے نہایت سنجیدگی کا مظاہرہ کیا گیا۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے پھر ایک بار ملازمتوں کے مواقعے پیدا کرنے کے لئے 4 لاکھ کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔

Budget - Sitharaman

وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے آج لوک سبھا میں مالی سال 27-2026 کا مرکزی بجٹ پیش کیا۔ یہ نرملا سیتارمن کا مسلسل 9واں بجٹ تھا۔ بجٹ کی کاپی راجیہ سبھا میں بھی پیش کی گئی۔ وزیرِ خزانہ نے بجٹ کو ''یوواشکتی پر مبنی'' قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں غربت میں کمی اور عوام کی زندگیوں میں بہتری کے لیے اہم اقدامات کیے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت روزگار کے مواقع پیدا کرنے، پیداواری صلاحیت بڑھانے اور معاشی ترقی کو تیز کرنے کے لیے جامع اقتصادی اصلاحات پر عمل کر رہی ہے۔ مرکز ریاستی حکومتوں کے ساتھ مل کر قوانین میں نرمی اور ضابطوں کی پابندیوں میں کمی پر کام کر رہا ہے۔ وزیرِ خزانہ نے اعلان کیا کہ ملک کو آئندہ پانچ برسوں میں عالمی بایوفارما مینوفیکچرنگ مرکز بنانے کے لیے بایوفارما شکتی اسکیم شروع کی جائے گی، جس کے لیے 10 ہزار کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔اس کے تحت تین نئے * نیشنل انسٹی ٹیوٹس آف فارماسیوٹیکل ایجوکیشن اینڈ ریسرچ قائم کیے جائیں گے اور سات موجودہ اداروں کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ شہروں کو جوڑنے کے لیے سات ہائی اسپیڈ ریل کوریڈورز تیار کیے جائیں گے۔ یہ ریل کوریڈورز ممبئی تا پونے،

پونے تا حیدرآباد، حیدرآباد تا بنگلورو، حیدرآباد تا چنئی، چنئی تا بنگلورو، دہلی تا وارانسی اور وارانسی تا سلی گوڑی کے درمیان ہوں گے۔ وزیرِ خزانہ نے بتایا کہ انڈین انسٹی ٹیوٹ آف کری ایٹو ٹیکنالوجیز، ممبئی کی مدد سے ملک کے 15 ہزار ثانوی اسکولوں اور 500 کالجوں میں اے وی جی سی کانٹینٹ کری ایٹر لیبز قائم کی جائیں گی۔ انہوں نے مزید اعلان کیا کہ ملک کے مشرقی خطے میں ڈیزائن تعلیم اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے ایک نیا نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ڈیزائن قائم کیا جائے گا۔